عالم، نامور مدیراور کئی کتابوں کے مصنف ہیں، اس ماہنامہ میں بڑے بڑے سکالرز اوراہل علم کے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں، جومختلف موضوعات پرمبنی ہوتے ہیں، رسالے کا اصل موضوع لوگوں کی اصلاح ہے، ان مختلف موضوعات سے کئی کتابیں بھی بن چکی ہیں، ماہنامہ 'محاسن اسلام' کے ابتدائی ۱۰۰ شماروں کے منتخب مضامین 'دین ودانش' کی چھ جلدوں میں پہلے ہی شائع ہوچکے ہیں، جبکہ ۱۰۱ تا ۱۰۷ (دسمبر ۲۰۱۶) کے شماروں کے منتخب مضامین کا مجموعہ زیرتبصرہ کتاب 'کایا پلٹ' میں آگئے ہیں، یہ ایک بہترین کاوش ہے، امید ہے یہ کتاب اسم بامسمیٰ ثابت ہوں گے، اورلوگوں کی زندگی کی کایاپلٹ دینے میں اہم کردار ادا کریں گے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ محاسن اسلام کے اراکین کی اس کاوش کو قبول فرمائیں اور مزید ترقی سے نوازے۔ (مبصر: مفتی بہادر خان حقانی)

● **چہل حدیث مسائل نماز** مرتب: حافظ ظہور احمد الحسینی

ضخامت: ۱۴۴ صفحات ناشر: خانقاہ امدادیہ مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام حضرو اٹک

زیرتبصرہ کتاب ''چہل حدیث، مسائل نماز'' مولانا حافظ ظہور احمد الحسینی کی تالیف لطیف ہے، جس میں موصوف نے نماز کے متعلق چالیس صحیح احادیث کو نہایت ہی اعلیٰ سلیقہ سے مرتب کر کے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے، احادیث کی تشریحات، عربی متن کا سلیس اور عام فہم ترجمہ نہایت ہی خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا، مسائل نماز کیلئے احادیث کو بطور دلیل اور حدیث کی تشریح کیلئے ائمہ کرام کے اقوال کو بطور توضیح پیش کیا ہے، نماز حنفی پرغیر مقلدین کے اعتراضات کا تسلی بخش جوابات بھی مرحمت فرمائے ہیں، اللہ تعالیٰ اس مجموعہ کو شرف قبولیت سے نوازے اور مؤلف کتاب کو مزید علمی توفیق سے نوازے۔ آمین (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● **جواہر التجوید** مؤلف: قاری عبدالرحمٰن

ضخامت: ۱۵۲ صفحات ناشر: مکتبہ قدسیہ اردو بازار لاہور

زیرتبصرہ کتاب ''جواہر التجوید'' قاری عبدالرحمٰن صاحب کی علم تجوید پرایک بہترین علمی کاوش ہے، جس میں تجوید سے متعلق جملہ احوال واحکام اور تجوید کے تمام مسائل باحوالہ درج کئے گئے ہیں اور قواعد تجوید کو طالب تجوید کیلئے آسان اور عام فہم بنا کر پیش کیا ہے اور یہ کتاب اسی جذبے کے تحت لکھی گئی ہے کہ طلبائے علم تجوید کو وافر معلومات اِس ایک ہی کتاب سے مہیا ہو۔ یہ کتاب اپنی ظاہری ومعنوی خوبیوں سے آراستہ و پیراستہ ہے، دلکش طباعت، منفرد ٹائٹل جو کہ اسکے مؤلف قاری عبدالرحمٰن کے حسن ذوق کی آئینہ دار ہے۔ اللہ تعالیٰ قاری صاحب کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور اسے قبولیت عامہ سے نوازے۔ آمین (مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

☆☆☆